SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۸

SINDH ACT NO.V OF 1998

پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (منسوخی) ایکٹ، ۱۹۹۷

THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (REPEAL) ACT, 1997

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید
(Sections) دفعات
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۹۵ کے سندھ ایکٹ XIII کی منسوخی
Repeal of Sindh Act XIII of 1995
۳۔ رکاوٹ ہٹانا
Removal of Difficulty

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۱۹۹۸

SINDH ACT NO.V OF 1998

پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (منسوخی) ایکٹ، ۱۹۹۷

THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (REPEAL) ACT, 1997

[۲۰ جون ۱۹۹۸]

ایکٹ جس کی توسط سے پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ کو منسوخ کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ کو منسوخ کرنا مقصود ہے۔

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (منسوخی) ایکٹ، ۱۹۹۷ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۹۵ کے سندھ ایکٹ XIII کی منسوخی
Repeal of Sindh Act XIII of 1995

۲۔ (۱) پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

(۲)ایکٹ کے منسوخ ہونے پر۔

(a) پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ جس کو اس کے بود مذکورہ کالیج کا حوالہ دیا جائے گا وہ حکومت کی جانب منتقل ہو جائے گا اور ایسی منتقلی کی بعد وہ حکومت کی طرف سے سنبھالا جائے گا؛

(b)جب تک کچھ کسی ٹھیکے یا معاہدے یا مذکورہ کالیج کے عملداروں یا ملازمین کی ملازمت کے شرائط کے متضاد نہ ہو، وہ حکومت کی جانب منتقل ہو جائیں گے اور ایسی شرائط و ضوابط کے تحت

جیسے حکومت طے کرے؛
(c)مذکورہ کالیج کے سارے حقوق، جائیداد، اثاثے، قرض، وسائل اور ذمیداریاں حکومت کے حقوق، جائیداد، اثاثے، قرض، وسائل اور ذمیداریاں ہو جائیں گے؛
(d)ایسی منسوخی سے پہلے مذکورہ کالیج کی طرف سے کیا گیا کوئی بھی معاہدہ حکومت کی طرف سے کیا گیا معاہدہ سمجھا جائے گا؛ اور
(e)ایسی منسوخی سے پہلے مذکورہ کالیج کی طرف سے یا اس کے خلاف کیئے گئے سارے مقدمات اور دیگر قانونی کارروایاں حکومت کی طرف سے کیئے گئے یا اس کے خلاف کیئے گئے مقدمات اور کارروایاں سمجھی جائیں گی اور حکومت کی طرف سے ان پر کارروائی کی جائے گی اور نمٹا جائے گا۔

رکاوٹ ہٹانا
Removal of Difficulty

۳۔ حکومت منتقلی یا دفعہ ۲ کی ذیلی دفعہ (۲) سے متعلقہ معاملات کے سلسلے میں کوئی رکاوٹ ہٹانے کے مقصد کے لیئے ایسا حکم جاری کر سکتی ہے جیسے وہ ضروری سمجھے اور ایسے حکم کو ایسے کارگر سمجھا جائے گا اور اس پر ایسے عملدرآمد کیا جائے گا، جیسے وہ اس ایکٹ کی گنجائشوں کا حصہ ہو۔
۴۔ پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (منسوخی) آرڈیننس، ۱۹۹۷ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔